سوال

(628)آخری رکعت کا ایک سجدہ رہ جائے

جواب

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

ہمارے ہاں عشاء کی نماز ایک حافظ صاحب نے پڑھائی آخری رکعت میں دو کے بجائے ایک سجدہ کر لیا، پیچھے مقتدی حضرات نے کئی طرح سے اشارہ دیا مگر شاید وہ سمجھ نہ سکے۔ سلام پھیرنے کے بعد جب ان سے کہا گیا کہ آپ نے آخری رکعت میں ایک سجدہ کیا ہے تو انھوں نے سجدۂ سہو کر لیا کیا سجدۂ سہو سے نماز ہو گئی یا چھوڑا ہوا سجدہ بھی کرنا پڑے گا؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

مذکورہ صورت میں امام کو چاہیے کہ پہلے فوت شدہ سجدہ کرے کیونکہ سجدہ ارکان نماز میں سے ہے جس کی ادائیگی انتہائی ضروری ہے۔ پھر تشہد مکمل کرکے دو سجود سہو کرکے سلام پھیر دے۔

ھذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ: صفحہ :540

محدث فتویٰ